2016年12月14日ジャング紙ラホール版2面

عیدمیلادالنبیؐ پر شہر میں جلوس ریلیاں، 21 توپوں کی سلامی

بوائز سکاؤٹس، سول ڈیفنس ودیگر رضا کاروں کا مارچ پاسٹ، سروری جماعت کی بھی ریلی

لاہور (نمائندہ جنگ، جنرل رپورٹر) عیدمیلادالنبیؐ پر ملک بھر کی طرح صوبائی دارالحکومت میں بھی جلوس اور ریلیاں نکالی گئیں، مرکزی کمیٹی تقریبات عید میلادالنبی کے زیراہتمام ریلوے اسٹیشن سے بڑا مرکزی جلوس نکالا گیا۔ افتتاح بانی جلوس الحاج ملک آفتاب ربانی اور صوبائی وزیر بلال یاسین نے مشترکہ طور پر کیا۔ صدارت سابق جسٹس ڈاکٹر منیر مغل نے کی۔ رسم پرچم کشائی وزیر آزاد کشمیر ناصر ڈار نے کی جبکہ مہمانان خصوصی غلام محی الدین دیوان اور دیگر رہنما تھے۔ تقریبات کا آغاز نماز فجر کے بعد قومی سلامتی اور ملکی یکجہتی کی دعا اور 101 گولوں کی سلامی سے کیا گیا۔ لاہور گریژن میں 21 توپوں کی سلامی دی گئی۔ پورے روٹ کو رنگ برنگی جھنڈیوں اور برقی قمقموں سے سجایا گیا تھا۔ جلوس سے قبل ریلوے اسٹیشن پر ایک بڑی افتتاحی تقریب منعقد ہوئی جس میں قومی رضا کار، سول ڈیفنس، ریلوے اور دیگر سکولوں کے بوائز سکاؤٹس، 1122 ایمبولینس، پولیس، جیلوں کے بینڈ، لیبر ڈیفنس فورس، ملک بھر سے آئے ہوئے کھلاڑیوں نے اللہ ہو کے ورد کے ساتھ مثالی مارچ پاسٹ کی۔ سول ڈیفنس کے رضا کاروں نے قاری شیر عالم کی قیادت میں مہمان خصوصی کو گارڈ آف آنر پیش کیا۔ اس موقع پر سات روزہ جشن میلاد النبی سپورٹس فیسٹول کے رسہ کشی، باکسنگ، ویٹ لفٹنگ اور جوڑے کراٹے کے نمائشی مقابلوں کا انعقاد کیا گیا۔ عطا بٹ کی قیادت میں بھاری گاڑی کو جاوید بٹ کے اوپر سے گزرا گیا اور مینار پاکستان اور جشن میلاد النبی کی پرفارمنس پیش کی گئی۔ بعدازاں ہزاروں افراد کا جلوس روٹ ریلوے اسٹیشن براستہ چوک آسٹریلیا، برانڈرتھ روڈ، چوک اڈا کراؤن بس، ہل روڈ، گوالمنڈی، میو ہسپتال، بانسانوالہ بازار، شاہ عالمی چوک، اخبار مارکیٹ، انار کلی، سرکلر روڈ، لوہاری، موری اور بھاٹی گیٹ سے ہوا ہوا مزار حضرت داتا گنج بخش پر اختتام پذیر ہوا۔ جہاں ایڈمنسٹریٹر داتا صاحب نے قائدین کی دستار بندی کی۔ جلوس میں اونٹ سوار، گھوڑ سوار، ثناء خوان، بزمیں کنوریں سجے ہوئے ٹرک، ٹرالیاں، گڈیں ہمراہ تھیں۔ جلوس کے روٹ پر 100 مقامات پر استقبالیہ اسٹیج دودھ اور چائے کی سبیلیں لگائی گئی تھیں۔ مختلف مقامات پر لنگر بھی تقسیم کیا گیا۔ سروری جماعت کے زیر اہتمام " آمد مصطفیؐ ریلی" کا اہتمام کیا گیا۔ جس کی قیادت سلسلہ سروری کے روحانی پیشوا سخی سلطان بابا جانی سرکار نے کی۔ ریلی کے شرکاء سروری جماعت کے آستانے صدر گول چکر سے صبح 10 بجے روانہ ہوئے۔ صدر بازار، مغلپورہ چوک، شالیمار لنک روڈ، چوک شالیمار، باغبانپورہ سنگھ پورہ سے ہوتی ہوئی براستہ گڑھی شاہو لاہور پریس کلب شملہ پہاڑی پہنچی۔ چیئرنگ کراس مال روڈ پر بابا جانی سرکار نے اختتامی دعا کروائی۔